بسم اللہ الرحمن الرحیم

# شادی کے موقع پر ڈھول بجانے کا حکم

دارالافتاء اہلسنت (دعوت اسلامی)

## سوال

شادیوں میں ڈھول بجانے کا کیا حکم ہے؟

## جواب

شادی بیاہ کے موقع پر مروجہ انداز میں ڈھول بجانا، جائز نہیں بلکہ گناہ ہے۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا: ”ان اللہ حرم علیکم الخمر والمیسر والکوبة وقال کل مسکر حرام“ ترجمہ: اللہ تعالیٰ نے شراب اور جوا اور کوبہ (ڈھول) حرام کیا اور فرمایا: ہر نشہ والی چیز حرام ہے۔ (سنن الکبری للبیھقی، کتاب الشھادات، جلد 10، صفحہ 360، دارالکتب العلمیہ، بیروت)

امام اہلسنت امام احمد رضا خان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: ”اپنی تقریبوں میں ڈھول جس طرح فساق میں رائج ہے بجوانا، ناچ کرانا حرام ہے۔“ (فتاوی رضویہ، جلد 23، صفحہ 98، رضا فاؤنڈیشن، لاھور)

ایک اور مقام پر فرمایا: ”ڈھول بجانا حرام ہے۔“ (فتاوی رضویہ، جلد 24، صفحہ 491، رضا فاؤنڈیشن، لاھور)

وَاللہُ اَعْلَمُ عَزَّوَجَلَّ وَرَسُوْلُہ اَعْلَم صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

مجیب: مولانا سید مسعود علی عطاری مدنی

فتوی نمبر: Web-2520

تاریخ اجراء: 12 ربیع الآخر 1447ھ/06 اکتوبر 2025ء